پہلا سمسٹر I Semester	ڈی۔ایل۔ایڈ (ریگولر) D.El.Ed Regular	مارچ 2023

پرچہ : بچپن اور بچوں کی نشو ونما

Paper - DLED111CCT : Childhood and Child Development

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks — Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ''جدید زبانی نشو ونما'' کا بانی کس کو کہا جاتا ہے؟

(a) وائیگوتسکی (b) نوم چومسکی (c) ایریک ایریکسن (d) فرائیڈ

(ii) پیاجے کے مطابق بچے میں اشیا کی مستقل مزاجی کس مرحلہ میں آجاتی ہے؟

(a) حسی حرکی مرحلہ (b) قبل کارروائی مرحلہ (c) ٹھوس کارروائی مرحلہ (d) رسمی کارروائی مرحلہ

(iii) کوہل برگ کے تجزیے کے مطابق کس مرحلہ میں بچہ ''اچھا لڑکا اور اچھا لڑکی'' کی چاہ رکھتا ہے؟

(a) قبل روایتی مرحلہ (b) روایتی مرحلہ (c) ملتوی روایتی مرحلہ (d)

(iv) بچہ مزدوری ایکٹ ہندوستان میں کب پاس ہوا؟

(a) 1984 (b) 1985 (c) 1986 (d) 1987

(v) شخصیت سے جڑا سب سے پہلا تجزیہ کس نے پیش کیا؟

(a) ہپوکریٹس (b) گال (c) ونڈ (d) فرائیڈ

(vi) تعلیمی نفسیات کس کے لیے ضروری ہے؟

(a) اساتذہ کے لیے (b) طلباء کے لیے (c) والدین کے لیے (d) سبھی کے لیے

(vii) مندرجہ ذیل میں سے کون سا نفسیات میں مطالعہ کا بہترین طریقہ ہے؟

(a) معائنہ (b) تجربہ (c) بصیرت (d) یہ سبھی

(viii) واٹسن کی لکھی ہوئی اور 1925 ء میں شائع ہونے والی مشہور کتاب ہے۔

(a) جانوروں کی نفسیات (b) طرزِ عمل کے لحاظ سے نفسیات (c) عملیت پسندی (d) بچوں کی نفسیات

(ix) ان میں سے کون سا شخصیت کی پیمائش کا پروجیکٹو طریقہ نہیں ہے؟

(a) سوالنامہ (b) ریٹنگ اسکیل (c) انٹرویو (d) TAT

(x) استاد کے لیے کون سا بیان بہترین ہے۔

(a) ہر بچہ سیکھتا ہے (b) کچھ بچے سیکھ سکتے ہیں (c) زیادہ تر بچے سیکھ سکتے ہیں (d) بہت کم بچے سیکھ سکتے ہیں

حصہ دوم

(2) بچہ مزدوری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(3) کوہل برگ کا تجزیہ ایک 8 سال کے بچے کے اخلاق کے بارے میں کیا بتاتا ہے؟

(4) کھیل کا بچے کی نشوونما میں کیا اہم کردار ہے؟

(5) ہندوستان میں بچوں کی پرورش کے کون کون سے طریقے اپنائے جاتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

(6) انفرادی اختلافات کو اثر انداز کرنے والے عوامل کون کون سے ہیں؟

(7) سیلف کانسپٹ اور سیلف اسٹیم کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

(8) ٹی اے ٹی (TAT) کے بارے میں بتائیے۔

(9) بالیدگی اور نشوونما میں فرق کو واضح کیجیے۔

حصہ سوم

(10) اریکسن کا سماجی نفسیاتی تجزیہ پیش کیجیے۔ ایک معلم کے طور پر اس تجزیے کی اہمیت واضح کیجیے۔

(11) نشوونما کے اصول کون کون سے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

(12) شخصیت کی پیمائش کے طریقے کون کون سے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

(13) ایک بچے میں سماجی، احساسی اور زبانی نشوونما کیسے ہوتی ہے؟ اس میں خاندان، دوست اور اسکول کی کیا اہمیت ہے؟

(14) ہندوستانی تناظر میں ایک سے زیادہ بچپن کی تعمیر کیسے ہوتی ہے؟ یہ عالمی تناظر کے بچپن سے کیسے الگ کہا جا سکتا ہے؟

☆☆☆